## سوال

(356) دوران خطبہ پنکھے کا استعمال

## جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

نبی کریم ﷺ نے خطبہ جمعہ میں خاموشی اختیار کرنے کے متعلق نہایت تاکید فرمائی ہے۔ ازراہ نوازش آپ بیان فرمادیں۔ کہ انسان پنکھا کا استعمال دوروان خطبہ میں کر سکتا ہے یا نہیں؟ کیونکہ ایک صاحب اس پر مصر ہیں۔ کہ خطبہ جمعہ میں پنکھے کا استعمال قطعا ناجائز ہے کیونکہ نبی کریم ﷺ نے فرمایا ہے۔

"اذا قلت لصاحبک انصت فقد لغوت"

دوسرے صاحب فرماتے ہیں۔ کہ یہ گفتگو کے متعلق ہے۔ پنکھا وغیرہ اس سے خارج ہے۔ جواب مدلل تحریر فرمادیں۔

---

# الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

اپنی جسمانی راحت کےلئے خطبے میں ایسی حرکت منع نہیں جس سے سماع میں خلل واقع نہ ہو جیسے نماز میں صحابہ کرام رضوان اللہ عنہم اجمعین شدت گرمی کے باعث کنکریاں لے کر ماتھے کے نیچے رکھ لیا کرتے تھے۔

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

فتاویٰ ثنائیہ امرتسری

جلد 01 ص 558

محدث فتویٰ